فون نمبر ۷۹

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Regd. No. L 5254

إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ

عَسٰى أَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُودًا

الفضل

روزنامہ

ربوہ

جلد نمبر ۴۷/۱۲ | ۱۶ امان ۱۳۳۷ ہش ۱۶ مارچ ۱۹۵۸ء | نمبر ۶۴

۲۴ شعبان ۱۳۷۷ھ

بجلد ۱۲ روپے

مطبوعہ پاکستان

اخبار احمدیہ

ربوہ ۱۵ مارچ۔ آج سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق محمود آباد سے بذریعہ ڈاک کوئی تازہ اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ سابقہ اطلاعات سے ظاہر ہے کہ ان دنوں حضور ایدہ اللہ کی طبیعت بفضلہ تعالےٰ اچھی ہے۔ الحمد للہ احباب حضور ایدہ اللہ کی صحت و سلامتی اور درازئ عمر کے لئے التزام سے دعائیں جاری رکھیں۔

کل یہاں نماز جمعہ محترم قاضی محمد نذیر صاحب لائلپوری نے پڑھائی اور خطبہ میں احباب جماعت کو احمدی ہونے کی حیثیت میں اپنے مقام کو سمجھنے اور اس کے مطابق اعمال بجا لانے کی طرف توجہ دلائی۔

اس سال ماہ جون میں صدر آئزن ہاور اور مسٹر میکملن کے درمیان ایک اہم ملاقات ہوگی

اس ملاقات میں عالمی نوعیت کے جملہ مسائل زیر غور آئیں گے

واشنگٹن ۱۵ مارچ۔ سرکاری طور پر اعلان کیا گیا ہے کہ برطانوی وزیر اعظم مسٹر ہیرلڈ میکملن اس سال ماہ جون کی ۹ و ۱۰ تاریخ کو واشنگٹن میں صدر آئزن ہاور سے ملاقات کریں گے۔ مسٹر میکملن نے صدر آئزن ہاور کو اطلاع دی تھی کہ وہ گرین کیسل انڈیانا کی ڈی پاؤ یونیورسٹی کی ایک تقریب میں شرکت کرنے اور طلبہ سے خطاب کرنے جون کے اوائل میں امریکہ آ رہے ہیں اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے صدر آئزن ہاور نے انہیں واشنگٹن آنے اور اہم امور پر تبادلہ خیالات کرنے کی دعوت دی ہے۔

وائٹ ہاؤس کے سرکاری افسروں نے جب اس متوقع ملاقات کے بارے میں استفسار کیا گیا تو انہوں نے کہا دونوں مدبر عالمی امور پر غور کر کے کوئی مشترکہ لائحہ عمل متعین کریں گے۔ خیال ہے اس ملاقات میں سربراہوں کی اعلیٰ سطح کی کانفرنس کے انعقاد کا مسئلہ بھی زیر غور آئے گا۔ جب صدر کے پریس سیکرٹری مسٹر جیمز ہیگرٹی سے اسبارہ میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ اگر اس وقت تک ایسی عالمی کانفرنس کا مسئلہ طے نہ ہوا تو دوسرے مسائل کے ساتھ ساتھ یہ معاملہ بھی ضرور زیر غور آئے گا۔

★ قلاتہ ۱۵ مارچ۔ اطلاعی حکام نے ایک سمگلنگ پارٹی کو روک کر ایک لاکھ روپے کی افیون کراچی سمگل کرنے کی ایک مہم ناکام بنا دی۔ یہ افیون کراچی لے جانے کے لئے نواحی گاؤں سے ایک کار میں لائی گئی تھی۔

مقبوضہ کشمیر میں سول نافرمانی کی تحریک شروع کر دی گئی

۷ افراد گرفتار۔ شیخ عبداللہ کو دوبارہ گرفتار کرنے کی کوشش

نئی دہلی۔ ۱۵ مارچ، مقبوضہ کشمیر میں شہری آزادی بحال کرانے اور عوام پر ظلم و تشدد بند کرانے کے لئے سول نافرمانی کی تحریک شروع کر دی گئی ہے۔ کل رات سری نگر میں جلوس اور جلوسوں پر پابندیوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایک جلوس نکالا گیا اور متعدد افراد نے اپنے آپ کو گرفتاری کے لئے پیش کیا۔ جلوس وسط شہر کے ڈیلدار محلہ سے شروع کیا گیا۔ شیخ عبداللہ کے حامیوں میں سے بہت سے افراد گرفتار کئے جا چکے ہیں۔ یہاں بعض حلقوں کا خیال ہے کہ شیخ عبداللہ کو ریاست کی سلامتی کے خلاف کارروائیوں کے الزام میں پھر گرفتار کیا جانے والا ہے۔

ازانس فرانس پریس کی اطلاع کے مطابق کل سات افراد جلوس نکالنے کے الزام میں گرفتار کر لئے گئے ہیں۔

یوگوسلاویہ انڈونیشیا کو اسلحہ فراہم کریگا

جاکرتا ۱۵ مارچ۔ کل یہاں باخبر ذرائع نے بتایا کہ یوگوسلاویہ انڈونیشیا کو اسلحہ سپلائی کرنے پر تیار ہو گیا ہے۔ ان ذرائع نے بلگریڈ کی غیر موثق اطلاعات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ دس روز قبل اسلحہ سپلائی کرنے کے معاہدہ پر دستخط ہو گئے تھے جب کہ دو ماہ کے عرصہ میں انڈونیشیا کا مشن دوسری مرتبہ بلگریڈ گیا تھا۔ کتنا اسلحہ سپلائی کیا جائیگا یہ نہیں بتایا گیا

پنڈانگ ریڈیو اچانک خاموش ہو گیا

سنگاپور۔ ۱۵ مارچ انڈونیشی باغیوں کے پنڈانگ اور تیکٹ ٹنگی کے ریڈیو اچانک اپنی نشریات کے دوران میں خاموش ہو گئے جاکرتا کی اطلاع کے مطابق مرکزی افواج ان علاقوں کی جانب پیش قدمی کر رہی ہیں۔

انڈونیشی باغیوں کو تسلیم کرنے کا سوال زیر غور ہے

منیلا ۱۵ مارچ۔ مسٹر ڈلس نے انڈونیشیا کی باغی حکومت کو تسلیم کرنے کے متعلق سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ خارجہ باغیوں کو تسلیم کرنے کے متعلق احتیاطی تدبیر کے طور پر قانونی ماہروں سے مشورہ لے رہا ہے۔

لبنان کے وزیر اعظم نئی وزارت بنائینگے

بیروت ۱۵ مارچ۔ لبنان کے وزیر اعظم مسٹر سمیع کو جنہوں نے استعفیٰ دے دیا تھا صدر نے نئی وزارت بنانے کی دعوت دی ہے۔ ۹۰ میں سے ۷۰ ارکان چیمبر نے صدر کی تجویز کی حمایت کی۔ مسٹر سمیع آج قومی وزارت بنانے میں مصروف ہو جائیں گے۔ اور مبصرین کے خیال کے مطابق انہیں اس راہ میں کوئی خاص دشواری پیش نہیں آئے گی۔

سرکاری دفاتر کے اوقات میں تبدیلی

لاہور ۱۵ مارچ۔ حکومت مغربی پاکستان نے فیصلہ کیا ہے کہ ماہ رمضان میں ۲۲ مارچ سے ۱۹ اپریل تک کے دوران دفاتر کے اوقات کار مندرجہ ذیل ہوں گے۔

ہفتہ کے تمام دن ۸ بجے صبح تا ۱ بجے دوپہر۔ جمعہ ۸ بجے صبح تا ۱۲½ بجے دوپہر یہ اوقات کار حکومت مغربی پاکستان کے تحت تمام دفتروں میں رائج ہوں گے۔ پہاڑی مقامات پر دفتروں کے اوقات کار میں تبدیلی نہیں ہوگی۔

شاہ ایران نے ملکہ ثریا کو طلاق دینے کا فیصلہ کر لیا

تہران ۱۵ مارچ۔ شاہی عدالت کے ایک اعلان میں بتایا گیا ہے کہ شاہ ایران اور ملکہ ثریا ملک و قوم کے مفاد کے لئے شاہی نسل قائم رکھنے کے لئے طلاق پر آمادہ ہو گئے ہیں۔ شاہ ایران نے اپنی ملکہ کی تعریف کرتے ہوئے اس جدائی پر اظہار رنج و غم کیا ہے۔ انہوں نے اپنے سوتیلے بھائی شہزادہ غلام رضا کو جانشین مقرر کرنے کی تجویز پیش کی تھی۔ لیکن شاہی کونسل نے یہ تجویز رد کر دی ہے۔ ملکہ ثریا ۱۹۳۲ء میں پیدا ہوئی تھیں اور ۱۹۵۱ء میں ان کی شادی شاہ ایران سے ہوئی تھی۔

. . . . . شاہ کی پہلی شادی سے ایک لڑکی پیدا ہوئی تھی۔ چار سال سے جب شاہ کے بھائی شہزادہ علی رضا فضائی حادثے میں ہلاک ہو گئے۔ ایران کا کوئی ولیعہد تخت نہیں رہا۔

★ پشاور ۱۵ مارچ۔ آج یہاں صدر سکندر مرزا نے چھٹے اولمپک مقابلوں کا افتتاح کیا۔ اس موقعہ پر مرکزی وزیر خزانہ سید امجد علی نے حکومت کی طرف سے اولمپک ایسوسی ایشن کے لئے پچاس ہزار روپے کے عطیہ کا اعلان کیا۔

ایڈیٹر روشن دین تنویر بی اے ایل ایل بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں طبع کرا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا۔

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۵۸ء

زندہ اقوام

زندہ قومیں عروج ترقی پر کس طرح پہنچتی ہیں۔ یہ ایک ایسی بات ہے جس پر ہمیں غور و فکر کرنے کی سخت ضرورت ہے۔ اگر ہم مغربی اقوام خاص کر امریکہ اور برطانیہ کی سوشل ترقی کی تاریخ کا مطالعہ کریں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ اکثر تعلیمی اور دیگر ترقیوں کے لئے یہ ممالک حکومتوں کے نہیں بلکہ بعض اولوالعزم افراد اور انجمنوں کے مرہون ہیں جنہوں نے وقتاً فوقتاً ایک اصلاحی کام کا بیڑہ اٹھایا اور اس کو حد کمال تک پہنچا کر چھوڑا۔ یہاں تک کہ حکومتوں کو بھی ان کا ساتھ دینا پڑا۔ تا آنکہ وہ چھوٹا سا بیج ایک قد آور درخت بن گیا۔ اور اب یہ اقوام اس کے ثمرات سے متمتع ہو رہی ہیں۔ ذیل میں ہم ایک دینی اخبار سے ایک اقتباس درج کرتے ہیں جس سے ان زندہ قوموں کے باہمت افراد کی کوششوں پر روشنی پڑتی ہے۔ فھو ھذا:-

"۲۶ اگست ۱۹۵۷ء کو اکتالیس مرد اور عورتیں فلاڈلفیا میں اکٹھے ہوئے۔ ان کے سامنے مقصد یہ تھا کہ بچوں کی تعلیم میں ترقی کے ذریعے معلمی کو ایک تسلیم شدہ پیشہ قرار دیا جائے ان لوگوں نے ایک تنظیم قائم کی جس کے ذریعے ان لوگوں کو جو معلمی کرتے تھے ایک عظیم تعلیمی برادری میں منسلک کرنا مقصود تھا تاکہ اس پیشے کا کردار بلند کیا جا سکے۔ اس کے مفادات کی ترویج اور ملک بھر میں تعلیم کی اہمیت کی اشاعت ہو سکے۔ اس نئی تنظیم کا نام اساتذہ کی قومی انجمن (نیشنل ٹیچرز ایسوسی ایشن) رکھا گیا۔

اس تنظیم جسے اب قومی تعلیم کی انجمن (نیشنل ایجوکیشن ایسوسی ایشن) کے نام سے پکارا جاتا ہے کے قیام کو ایک سو برس گذر چکے ہیں امریکہ میں دس لاکھ اساتذہ ملک کے تین کروڑ ۴۱ لاکھ ۴ ہزار بچوں کو تعلیم دیتے ہیں۔ ان اساتذہ میں سے دو تہائی اس انجمن کے اراکین ہیں۔ ٹریڈ یونین کے اصولوں کے پیش نظر یہ جماعت یونین نہیں ہے۔ اس کا دائرہ عمل وسیع پیمانے پر صرف تعلیم سے متعلق ہے۔

یہ انجمن جو ابتدا میں نہایت کمزور اور چھوٹی تھی اب ایک زبردست قوت بن چکی ہے اور تعلیمی مقاصد کے لئے اسے ایک مرجع کی حیثیت حاصل ہو چکی ہے اس انجمن نے نیشنل ایسوسی ایشن آف سکول سپرنٹنڈنٹس کے تعاون اور اشتراک سے ۱۸۶۷ء میں پہلی فتح یہ حاصل کی کہ ایک وفاقی سرکاری ایجنسی کا قیام عمل میں آیا جو اب امریکی محکمہ تعلیمات کہلاتی ہے۔"

یہ تو زندہ اقوام کا حال ہے اب ذرا اسی اخبار کے اسی پرچہ میں شائع شدہ اداریہ ملاحظہ فرمائیے۔ اور یہ بھی یاد رکھئے کہ یہ اخبار ایک ایسی جماعت کا ترجمان ہے جس کا دعوےٰ ہے کہ وہ تجدید و احیائے دین کے لئے کھڑی ہوئی ہے۔ یہ اخبار بوہری بازار کراچی کی گذشتہ ہولناک آتشزدگی کے تعلق میں "قدرت کا انتباہ" کے زیر عنوان لکھ رہا ہے۔ لکھتا ہے:-

"کراچی کا انتہائی گنجان آباد اور مصروف ترین تجارتی مرکز ——— بوہری بازار ——— ۵ مارچ کی شام کو ایک نہایت ہولناک اور تباہ کن آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ تین کئی منزلہ عمارتیں اور بیسیوں دکانیں جل کر خاک سیاہ ہو گئیں کتنے ہی مرد و عورت آسمان سے باتیں کرتے ہوئے شعلوں میں چیختے چلاتے اور مدد مدد پکارتے ہوئے جل کر راکھ ہو گئے۔ کتنے ہی آدمیوں نے عمارتوں کی کھڑکیوں سے چھلانگیں لگا دیں۔ حکومت کے اندازے کے مطابق پچاس لاکھ روپے کے لگ بھگ مالی نقصان ہوا لیکن یہ ابتدائی اور سرسری اندازہ ہے۔ جب دھوئیں کے بادل چھٹیں گے تو پتہ چلے گا کہ کتنا نقصان ہوا۔

اور یہ ساری تباہی آتشبازی کی ایک دکان سے شروع ہوئی۔ اور چشم زدن میں گرد و پیش کی عمارتوں کو اس نے اپنی لپیٹ میں لے لیا۔

ہم تمام مصیبت زدہ گھرانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں لیکن ہم حکومت سے پوچھتے ہیں کہ کیا اسکے حکام کی غفلت اور بے پروائی اس ساری تباہی کی ذمہ وار نہیں اور کیا اس کے لئے قومی اسمبلی میں برسر اقتدار گروہ کی شقاوت و قساوت اور بے حسی اور فرض ناشناسی پر لعنت و ملامت کی قرارداد پیش کرنا مناسب نہ ہوگا؟"

اس سے پہلے شروع میں اس اداریہ میں یہ وعظ فرمایا گیا ہے:-

"اسلامی تہذیب و روایات میں شب برات کو ایک خاص دینی اہمیت حاصل ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس شب میں دعاؤ عبادت میں خاص طور پر مشغول رہتے تھے۔ اپنے دوستوں سے فرمایا کرتے تھے کہ اس شب میں اللہ تعالےٰ اپنے بندوں کی طرف خاص طور پر متوجہ ہوتے ہیں۔ اور ان کی دعاؤں کو قبول اور ان کے گناہوں کو طلب مغفرت پر معاف فرماتے ہیں۔ بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ایک طرح کی نوع انسانی کے لئے "خداوندی بجٹ" کی منظوری کی رات ہے جس میں آئندہ سال میں پیدا ہونے والوں، مرنے والوں، اور انسانوں کے رزق کے متعلق احکام الٰہی جاری ہوتے ہیں۔ شب برات کے اس تصور سے خود بخود اندازہ ہو جاتا ہے کہ اس شب میں مسلمانوں کو کیا کرنا چاہیئے لیکن مسلمانوں نے اپنے شامت نفس سے جس طرح اسلام کی دوسری رسوم اور روایات کا حلیہ بگاڑا ہے اور عبادت کی تقریبات کو بھی لہو و لعب کی تقریبات بنا دیا ہے یا صرف خورد و نوش کا اہتمام کرنے کے مواقع قرار دیدیا ہے اسی طرح شب برات کو بھی آتشبازی چراغاں اور حلوا پوری کی تقریب بنا دیا ہے۔ چنانچہ صدیوں سے مسلمان اپنی اس روش پر قائم ہیں اور خدا کی طرف رجوع کرنے کی بجائے اس شب میں شیطان و نفس ہی کو خوش کرنے میں مصروف رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس بد اعمالی کی پاداش میں ان پر تکلیف و مصیبت بھی نازل ہوتی رہتی ہے۔ مگر اللہ کے یہ بندے اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کا دعویٰ کرنے والی یہ امت قدرت کے ان انتباہات سے متاثر نہیں ہوتی۔ نقصان اٹھاتی ہے۔ مصیبتیں مول لیتی ہے اور آنکھیں بند کئے لہو و لعب کی راہ پر بڑھی چلی جاتی ہے۔"

جب اسلامی سوسائٹی کا یہ حال ہو گیا ہے تو یہ دینی اخبار صرف حکومت کو کوس کر رہ جاتا ہے۔ اور اس کے دل میں ذرا بھی یہ خیال پیدا نہیں ہوتا ہے کہ جو لوگ احیاء و تجدید اسلام اور اقامت دین کے داعی بنتے ہیں ان کا بھی کچھ فرض ہے اور محض باتیں بنانے کی بجائے عوام کی اصلاح کے لئے انہیں بھی کچھ کرنا چاہیئے اگر عوام شب برات اور دیگر اسلامی تہواروں میں بجائے عبادت کے رنگ رلیاں منانے کے عادی ہو گئے ہیں تو اس دینی اخبار کی دانست میں ان کے اخلاق کی اصلاح صرف حکومت کا کام ہے اور ان کا اپنا کام صرف یہ ہے کہ طریق انتخاب کے مسئلہ پر ملک میں پھوٹ ڈلوائی جائے۔ اور رائے عامہ حاصل کرنے کے لئے ملک کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک تہلکہ مچا دیا جائے۔

"پیغامِ صلح" کی افسوسناک ذہنیت

اسلم پرویز صاحب کے اعتراضات کا اصولی جواب

(قسط اوّل مرقومہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔اے مدظلہ العالی)

میں نے الفضل مؤرخہ ۸ فروری ۱۹۵۸ء میں ایک مضمون "نیا سال اور ہماری ذمہ داریاں" کے عنوان کے ماتحت لکھا تھا۔ جس میں جماعت کے نوجوانوں کو اصلاح کی طرف توجہ دلانے کے علاوہ اس بات کی بھی تحریک کی گئی تھی۔ کہ جماعت کے متعلق جو غلط فہمیاں آجکل غیر از جماعت مخالفوں کی طرف سے بیش از بیش تکرار اور اصرار کے ساتھ پھیلائی جا رہی ہیں ان کے ازالہ کی طرف خاص توجہ دی جائے اور اس کے ساتھ ساتھ میں نے دعاؤں کی بھی تحریک کی تھی۔ میرا یہ مضمون خالصۃً اصلاح و ارشاد کی نوعیت کا تھا۔ تاکہ جماعت کے اندر اور باہر اچھی فضاء پیدا ہو اور صداقت کی پُر امن اشاعت کا رستہ کھلے۔ مگر میری حیرت کی کوئی انتہاء نہ رہی جب میں نے اخبار پیغام صلح مؤرخہ ۵ مارچ ۱۹۵۸ء میں ایک غیر معروف شخص محمد اسلم صاحب پرویز ایم۔اے مہر و پارک لاہور کا ایک مضمون پڑھا۔ جو میرے مذکورہ بالا مضمون کے جواب میں لکھا گیا ہے۔ اوّل تو میرا مضمون ہرگز ایسی نوعیت کا نہیں تھا جس کے جواب میں پیغام صلح یا اس کے کسی نامہ نگار کو جواب لکھنے کی ضرورت محسوس ہوتی۔ میرا مضمون اصلاحی نوعیت کا تھا جس میں نہ تو اہلِ پیغام کا کوئی ذکر تھا اور نہ ان کی طرف کوئی اشارہ تھا۔ بلکہ اگر ایڈیٹر صاحب پیغام صلح یا ان کے نامہ نگار اسلم پرویز تقویٰ اور انصاف سے کام لیتے تو یہ مضمون ایسا تھا کہ انہیں اس کی تائید میں آواز اٹھانی چاہیئے تھی نہ کہ اس کے خلاف۔ دوسرے جس رنگ میں اسلم صاحب نے یہ مضمون لکھا ہے وہ (مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ) تقویٰ اور خشیت اللہ تو کجا معمولی عقل اور شرافت کے معیار سے بھی گرا ہوا ہے کیونکہ وہ اوّل سے لے کر آخر تک یا تو سراسر لاتعلق باتوں سے بھرا ہوا ہے اور یا اس میں ایسے ناپاک طعن و تشنیع سے کام لیا گیا ہے جسے سپردِ قلم کرنا تو درکنار ایک شریف انسان کو اس کے پڑھنے میں بھی شرم محسوس ہونی چاہیئے۔

مضمون کا عنوان یہ رکھا گیا ہے کہ "قادیانی منجھلے میاں کا مجوزہ لائحہ عمل" گویا بسم اللہ ہی ایک شرمناک طعن سے شروع کی گئی ہے اور اسلم صاحب نے یہ محاورہ اپنے مضمون میں بار بار دُہرایا ہے۔ اور بعض جگہ استہزاء کے رنگ میں "منجھلے میاں" کے الفاظ کو کاموں کے اندر رکھ کر اسے نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے۔ یہ وہ الفاظ ہیں جن میں حضرت ام المومنین نور اللہ مرقدھا مجھے اکثر پیار کے رنگ میں پکارا کرتی تھیں۔ میں نہیں جانتا کہ یہ اسلم پرویز کون ہیں لیکن اگر وہ احمدی کہلاتے ہیں تو انہیں حضرت ام المومنین مغفورہ و مرحومہ کے محبت والے کلام کو استہزاء کے رنگ میں استعمال کرتے ہوئے شرم آنی چاہیئے تھی۔ اور میری طرف سے ان کے اس استہزاء کا یہ جواب کافی ہے جو اس قرآنی آیت میں اصولی طور پر بیان کیا گیا ہے کہ اِذا جاءک المنافقون قالوا نشھد انک لرسول اللہ واللہ یعلم انک لرسولہ واللہ یشھد ان المنافقین لکاذبون (سورۃ منافقون ع۱) جس کا مطلب یہ ہے کہ اسلم پرویز صاحب نے جو الفاظ میرے متعلق استعمال کئے ہیں وہ گو واقعہ کے لحاظ سے درست ہیں مگر پھر بھی خدا کے نزدیک اسلم صاحب جھوٹے ہیں کیونکہ انہوں نے یہ الفاظ دل سے نہیں کہے بلکہ تمسخر اور مذاق کے رنگ میں استعمال کئے ہیں۔

میں نے اسلم پرویز صاحب کی یہ بات ان کی گندی ذہنیت کے اظہار کے لئے صرف مثال کے طور پر بیان کی ہے ورنہ ان کا مضمون اول سے لے کر آخر تک نہایت گندے طعن و تشنیع سے بھرا پڑا ہے۔ اور سنجیدگی اور خدا ترسی اور شرافت کے جذبہ سے اس طرح خالی ہے جس طرح ایک اُجڑا ہوا مکان مکین سے خالی ہوتا ہے اور وہ لغویات کے ایک ناپاک طومار سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتا۔ اسلئے اس کے جواب میں میرے لئے ہمارے آسمانی آقا کی یہ ہدایت بس ہے کہ الذین ھم عن اللغو معرضون یعنی سچے مومنوں کو لغویات میں اُلجھنے سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ اور دوسری جگہ قرآن فرماتا ہے اذا خاطبھم الجاھلون قالوا سلاما۔ یعنی جب کوئی شخص کسی مومن کو جہالت کے خطاب سے مخاطب کرے جس میں کوئی سنجیدگی یا خیر کی بات نہ ہو تو اس کے جواب میں "سلام" کہہ کر الگ ہو جانا چاہیئے۔

البتہ اسلم پرویز صاحب نے بعض باتیں ایسی لکھی ہیں جن کے متعلق غیرت کا تقاضا ہے کہ ان کی حقیقت ظاہر کی جائے۔ یا وہ ایسی باتیں ہیں کہ ان کے متعلق ناواقف لوگوں میں غلط فہمی پیدا ہونے کا امکان ہے جو دُور ہونی چاہیئے۔ سب سے پہلی بات اسلم پرویز صاحب نے یہ کہی ہے کہ میرے مضمون میں تضاد پایا جاتا ہے۔ یعنی ایک طرف تو میں جماعت کے ایک حصہ کی کمزوریاں گناتا ہوں اور انہیں اصلاح کی تلقین کرتا ہوں اور دوسری طرف یہ لکھتا ہوں کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ کی قیادت میں جماعت نے وسعت اور کثرت وغیرہ کے لحاظ سے غیر معمولی ترقی کی ہے۔ اور اسلم پرویز صاحب کے نزدیک یہ دونو باتیں متضاد ہیں۔ مجھے افسوس ہے کہ اسلم پرویز نے ایم اے تو پاس کر لیا مگر وہ اتنی معمولی سی بات بھی نہیں سمجھ سکتے کہ جماعت کے ایک حصہ میں (میں نے اس تعلق میں خصوصیت کے ساتھ نسلی احمدیوں کے نوجوان طبقہ کا ذکر کیا تھا اور "ایک حصہ" کا لفظ بھی نمایاں طور پر لکھا تھا) بعض کمزوریوں کا پایا جانا بالکل اَور شے ہے اور بحیثیت مجموعی تعداد کی ترقی اور تبلیغی مساعی میں ترقی اور مالی قربانی میں ترقی اور کثیر حصہ کے اخلاص میں ترقی بالکل اَور چیز ہے۔ اسے سمجھنے کے لئے صرف اس بات کا دیکھنا کافی ہے کہ جب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ خلیفہ بنے تو اس وقت خود غیر مبایعین کے دعوے کے مطابق جماعت کا پچانوے ۹۵ فیصدی حصہ غیر مبایعین کے ساتھ تھا مگر اب وہ خود تسلیم کرتے ہیں کہ جماعت کی بھاری اکثریت ان کے خلاف اور مبایعین کے ساتھ ہے۔ اور چندوں کا یہ حال ہے کہ جب جناب مولوی محمد علی صاحب ایم اے قادیان چھوڑ کر لاہور گئے تو اسوقت انجمن کے خزانے میں صرف چند گنتی کے روپے تھے مگر اب خدا کے فضل سے جماعت کا مجموعی بجٹ پچیس لاکھ روپے سے اُوپر ہوتا ہے اور ہماری بیرونی تبلیغ کی وسعت تو ظاہر و عیاں ہے کہ قریباً ساری آزاد دنیا میں تبلیغ اسلام کا ایک نہایت وسیع سلسلہ جاری ہے۔ پس میری طرف سے جماعت کے کمزور حصہ کو اصلاح کی طرف توجہ دلانا جماعت کی بحیثیت مجموعی ترقی کے ہرگز ہرگز خلاف نہیں۔ اور غالباً اسلم پرویز کے سوا کوئی ہوش و حواس رکھنے والا انسان ان دونو باتوں کو متضاد خیال نہیں کر سکتا۔ اس لئے میں اسلم صاحب کے متعلق یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ بدیں عقل و دانش بباید گریست۔ کاش پیغام صلح کے ایڈیٹر صاحب ہی پرویز صاحب کے اس مضمون پر جو لاتعلق بھی ہے اور دل آزار بھی حق ایڈیٹری استعمال کر کے اسے کاٹ دیتے یا اس کی اصلاح کر دیتے۔

اسلم پرویز صاحب کو میرے خلاف ایک شکایت یہ ہے کہ میں خود بہت سی کمزوریوں میں مبتلا ہوں جس پر بقول اسلم صاحب حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ بنصرہ کئی دفعہ مجھے توبیخ فرما چکے

ہیں وغیرہ وغیرہ میں اپنے اصلاحی مضمون کے ساتھ اسلم صاحب کے اس اعتراض کا کوئی جوڑ نہیں سمجھ سکا۔ اور نہ میں نے غلطیوں سے پاک ہونے کا دعویٰ کیا ہے بلکہ اگر اسلم صاحب کھلی آنکھ سے دیکھتے تو میرے مضمون کے نیچے "خاکسار راقم آثم" کے الفاظ ہی ان کی ہدایت کے لئے کافی تھے کہ میں اپنے آپ کو ایک کمزور انسان سمجھتا ہوں۔ مگر اس بات کا کیا علاج ہے کہ بغض میں اچھے بھلے لوگوں کی آنکھیں بھی اندھی ہو جایا کرتی ہیں۔ اگر بقول اسلم پرویز حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ نے مجھے کسی معاملہ میں کبھی تنبیہہ فرمائی۔ تو وہ امام بھی ہیں اور بڑے بھائی بھی۔ انہیں ہر طرح اس کا حق ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح ایدہ اللہ کی تنبیہہ یا توبیخ کے امکاناً دو ہی پہلو ہو سکتے ہیں۔ یا تو حضور میری کسی حقیقی لغزش اور کمزوری پر اصلاح کی غرض سے ناراضگی کا اظہار فرمائیں۔ اور یا حضور کسی غلط فہمی کی بنا پر نیک نیتی کے ساتھ سرزنش کا طریق اختیار کریں (کیونکہ حیب اجتہادی طور پر ایک نبی اور مامور من اللہ تک کو غلطی لگ سکتی ہے۔ تو حضور تو بہرحال ایک مامور من اللہ کے خلیفہ ہیں) مگر دونو صورتوں میں میرا سر امام کے سامنے خم ہے۔ اور یہی خدا اور رسول کی تعلیم ہے تو پھر اسلم پرویز ہمارے معاملہ میں ٹانگ اڑانے والے کون ہوتے ہیں؟ یا تو وہ مجھے اکساتے ہیں۔ جس سے میں خدا کے فضل سے بالا ہوں (لا فخر۔ اور یا وہ خواہ مخواہ اپنی گندی ذہنیت کا اظہار کرنا چاہتے ہیں جس کے لئے

نیش عقرب نہ از پئے کین است

والی مثال پہلے سے زبان زد خلائق ہے

ایک اعتراض اسلم پرویز صاحب کا یہ ہے کہ میری اولاد میں بعض کمزوریاں پائی جاتی ہیں۔ اور یہ کہ میں جب دوسروں کو نصیحت کرتا ہوں تو اپنی اولاد کی فکر کیوں نہیں کرتا؟ اسلم صاحب کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ میں اپنی اولاد کو فرشتے خیال نہیں کرتا۔ بلکہ اپنی طرح کے گوشت پوست کے کمزور انسان سمجھتا ہوں۔ میں انہیں ہمیشہ نصیحت کرتا ہوں اور ان کے لئے خدا کے حضور سربسجود رہتا ہوں مگر میں یقین رکھتا ہوں کہ خدا کے فضل سے وہ جماعت کے غیور فرزند ہیں اور اگر ان میں کوئی کمزوری ہے تو کم از کم وہ ایسے نہیں کہ اسلم صاحب کی طرح جس درخت پر بسیرا کریں۔ اسی کی شاخ کو کاٹنے لگ جائیں۔

پھر میں پوچھتا ہوں (اور یہی میرا اصل جواب ہے) کہ میں نے اپنے مضمون میں جن نوجوانوں کو اصلاح کی غرض سے مخاطب کیا ہے ان کے متعلق میں نے کہاں لکھا ہے کہ اس سے صرف دوسرے احمدی مراد ہیں۔ ہمارے خاندان کے نوجوان مراد نہیں۔ لاریب اگر ہمارے خاندان کے کسی فرد میں کوئی کمزوری پائی جاتی ہو تو وہ بھی میرے مضمون میں اسی طرح مخاطب ہے جس طرح کہ دوسرے احمدی نوجوان مخاطب ہیں۔ مگر اسلم پرویز صاحب کی آنکھیں کون کھولے۔ میں سوتے ہوئے کو جگا سکتا ہوں۔ پس جاگتے کو جگانا میرے بس کی بات نہیں۔

اس موقعہ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے خاندان کے نوجوانوں سے بھی [illegible] میں کہنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے دیکھ لیا ہے کہ کس طرح لوگوں کی آنکھیں ان پر لگی ہوئی ہیں۔ پس انہیں چاہیئے کہ وہ اپنے نفسوں کا محاسبہ کرتے ہوئے جماعت کے لئے ہمیشہ اعلیٰ نمونہ بننے کی کوشش کریں۔ یقیناً اگر انہوں نے نیکی اور تقویٰ کا راستہ اختیار کیا۔ اور خدا کے ساتھ مضبوط پیوند رکھا۔ تو جیسا کہ معمولی رنگ میں قرآن فرماتا ہے۔ وہ دوہرے اجر کے مستحق ہوں گے۔ لیکن دوسری صورت میں ان کے لئے نعوذ باللہ گرفت بھی دوہری ہے۔ پس ان کو اپنی غیر معمولی ذمہ واری کو سمجھتے ہوئے ہوشیار اور چوکس رہ کر پاک زندگی گذارنی چاہیئے۔

اسلم پرویز صاحب کا آخری اعتراض یہ ہے کہ میں نے اپنے کسی مضمون میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ کے مقابلہ پر حضرت خلیفۃ المسیح اول رضی اللہ عنہ کو ہر لحاظ سے ادنیٰ اور فروتر قرار دیا ہے۔ اور مختلف رنگوں میں حضرت خلیفہ اول کی توہین کی ہے۔ بلکہ اسلم صاحب نے یہاں تک لکھا ہے کہ ربوہ کی جلسہ گاہ میں حضرت خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کی سوانح حیات کو پاؤں کے نیچے مسلا گیا۔ میں اس کے جواب میں لعنت اللہ علی الکاذبین کے سوا کیا کہہ سکتا ہوں؟۔ دو جوں کا معاملہ تو صرف خدا تعالیٰ جانتا ہے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سید ولد آدم ہوتے ہوئے مسلمانوں کو ادب سکھانے کی غرض سے فرماتے ہیں کہ لا تفضلوا بعض الانبیاء علیٰ بعض یعنی اے مسلمانو تم اپنی طرف سے خدا کے نبیوں کو ایک دوسرے پر فضیلت نہ دیا کرو بلکہ اس معاملہ کو خدا اور رسولؐ پر چھوڑ دو جو اس قسم کی فضیلت بیان کرنے کے اصل حقدار ہیں۔ اور دوسری جگہ آپ فرماتے ہیں کہ لا تفضلونی علیٰ یونس بن متی۔ یعنی مجھے یونس بن متی پر فضیلت نہ دو۔ کیونکہ یونس کو یہ جزوی فضیلت حاصل تھی کہ اس کی ساری قوم اس کی زندگی میں ہی اس پر ایمان لے آئی مگر میری ساری قوم نے ابھی تک مجھے نہیں مانا۔ پس فضیلت کا معاملہ بہت نازک ہے۔ اس کا حقیقی جج صرف خدا ہے۔ ہاں جس شخص کی فضیلت خدا بیان کر دے یا رسول صراحت فرما دے۔ تو وہ بے شک افضل ہے۔

باقی رہا حضرت خلیفہ اول رضی اللہ عنہ کی عزت و اکرام کا سوال سو جھوٹا ہو وہ شخص جو یہ کہے کہ میرے دل میں ان کی عزت نہیں۔ میرے دل میں خدا کے فضل سے حضرت خلیفہ اول رضؓ کی بے حد عزت ہے۔ اور آپ کے علم و ایمان اور توکل و ایقان کے بعض پہلو اتنے نمایاں ہیں کہ ان کے تصور سے بھی انسان کے دل میں ایک وجدانی کیفیت پیدا ہونے لگتی ہے اور میں حضرت خلیفہ اول رضؓ کے لئے اپنے دل میں خاص محبت پاتا ہوں۔ اور انہیں اس تمام تعریف کا مستحق سمجھتا ہوں۔ جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مختلف کتب میں ان کی فرمائی ہے۔ پس اسلم پرویز نے مجھ پر یہ الزام لگا کر انتہائی ظلم اور افتراء سے کام لیا ہے کہ میں حضرت خلیفہ اول رضؓ کی عزت نہیں کرتا۔ مگر میں پھر کہتا ہوں کہ درجہ کا فیصلہ صرف خدا کے ہاتھ میں ہے۔ اور افضل وہی ہے جسے خدا افضل قرار دے۔ جب حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے خدا کا مرسل و مامور ہوتے ہوئے فرمایا ہے کہ ماہماں پیغمبراں را چاکریم تو یہ خاکسار جو سب کا خادم ہے کس حساب میں ہے کاش اسلم پرویز یہ ناپاک اور مفتریانہ مضمون لکھ کر ہمارا دل نہ دکھاتے۔ وہ یاد رکھیں کہ ان کے سر پر ایک خدا ہے جس کے سامنے وہ ایک دن پیش کئے جائینگے جہاں جھوٹوں کے لئے رونا اور دانت پیسنا ہوگا۔

بالآخر میں اس بات کے کہنے سے بھی رک نہیں سکتا کہ کیا اہل پیغام کے لئے یہ شرم کا مقام نہیں کہ جہاں ہم لوگ حضرت خلیفہ اول رضؓ کے زمانہ میں بھی اور اس کے بعد بھی حضور کے عقیدت مند دل اور حلقہ بگوشوں میں شامل رہے ہیں۔ وہاں اہل پیغام نے حضرت خلیفہ اول رضؓ کی خلافت کا قریباً سارا زمانہ حضور کے خلاف خفیہ ریشہ دوانیوں اور گاہے گاہے کی کسی سرکشی میں گذارا اور حضور کو خلافت سے معزول کرنے کی ناپاک کوشش کرتے رہے۔ مگر جب آپ وفات پا گئے۔ تو مجاوروں کا روپ دھار کر آپ کی قبر کو پوجنے کے لئے آگے آ گئے۔ یہ وہ حقائق ہیں جنہیں شائد اسلم پرویز نہ جانتے ہوں کیونکہ وہ بعد کے نسلی احمدی معلوم ہوتے ہیں۔ پرانے لوگ سب جانتے ہیں۔ اور سب سے بڑھ کر خدا جانتا ہے اور وہ ساری حقیقت رکھتا ہے۔ وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔ و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین۔

خاکسار مرزا بشیر احمد ربوہ
۱۱ مارچ ۱۹۵۸ء

نوٹ:۔ میں یہ نوٹ لکھ چکا تھا کہ مجھے معلوم ہوا کہ آج کے الفضل میں ایڈیٹر صاحب کی طرف سے بھی اسلم پرویز صاحب کے مضمون کے جواب میں ایک اداریہ نکلا ہے مگر چونکہ میرا یہ نوٹ لکھا جا چکا تھا۔ اس لئے اسے الفضل میں بھجوا دیا ہے لیکن آئندہ ایسے گندے مضامین کے جواب میں کچھ نہیں لکھوں گا۔ وحسبی اللہ ونعم الوکیل (خاکسار مرزا بشیر احمد)

مکرم چوہدری عبداللہ خانصاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی کے اعزاز میں دعوت عصرانہ

مکرم چوہدری عبداللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی کے حیدرآباد تبدیلی ہو جانے پر مجلس عاملہ جماعت کراچی و مجلس عاملہ خدام الاحمدیہ کراچی کی طرف سے جناب چوہدری عبداللہ خانصاحب کو ایک دعوت عصرانہ شیزان ہوٹل میں بوقت ۵ بجے شام دی گئی۔ چائے کے بعد جناب قائد صاحب مجلس خدام الاحمدیہ کراچی نے جناب چوہدری صاحب کو ایڈریس پیش کیا جس میں جناب چوہدری عبداللہ خانصاحب کی دوران امارت جماعت کراچی کی سعی اور سرگرمیوں کو سراہا گیا اور ان کے عہد امارت میں جماعت کراچی کو جو مقام نصیب ہوا ہے۔ اس میں ان کی کاوشوں کی تعریف کی گئی۔ بعد ازاں جناب چوہدری صاحب نے اس کا جواب دیا اور فرمایا کہ ہماری ترقی کا راز صرف اور صرف اطاعت اور تعاون ہے۔ خدا ہمیں توفیق دے کہ ہم ان اصولوں پر کاربند رہ سکیں دعا کے بعد یہ مجلس برخاست ہوئی (نامہ نگار)

حضرت مصلح موعود ایدہ اللہ کے ذریعہ قبولیت دعا کے نشانات

از محترم صاحبزادہ مرزا وسیم احمد صاحب ناظر دعوۃ تبلیغ قادیان

خدا تعالیٰ کی ہستی وراء الوریٰ ہے۔ اور وہ اپنی سنت مستمرہ کے مطابق اپنی ہستی کو اپنے مقرب بندوں کے ذریعہ ظاہر کیا کرتا ہے۔ گو اس کی جملہ صفات ازلی ابدی ہیں لیکن خصوصیت سے ان کا ظہور خدا تعالیٰ کے انبیاء اور اولیاء کے ذریعہ مخصوص زمانہ میں ہوتا ہے

اصل مضمون کے شروع کرنے سے قبل اس امر کی وضاحت بھی ضروری ہے کہ دعا کے معنے پکار کے ہیں اور مقامی اصطلاح میں جب کوئی بندہ اپنے رب کے حضور کوئی التجا کرتا ہے یا اپنے کسی خاص مقصد کے پورا کرنے کے لئے عرض کرتا ہے تو اسے دعا کہتے ہیں۔ ایک دعا تو اضطراری حالت میں ہوتی ہے جس میں مومن اور غیر مومن کی کوئی تمیز نہیں ہوتی۔ لیکن دوسری دعائیں خدا تعالیٰ اپنے مقرب اور نیک بندوں کی دوسروں کی نسبت بہت زیادہ اور بہت جلد قبول فرماتا ہے اسی طرح جیسے ایک دوست دوسرے دوست کی باتوں کو دوسروں کے مقابل پر زیادہ مانتا ہے۔ خدا تعالیٰ بھی اپنے مقربان بارگاہ کی دوسروں کے مقابل دعا و التجا قبول کرتا ہے اور ان کو اپنی خاص نصرت و تائید سے نوازتا ہے۔ دراصل خدا تعالیٰ کے نیک اور مقرب بندوں اور دوسرے لوگوں میں یہ علامت مابہ الامتیاز ہے۔

اس وضاحت کو پیش نظر رکھتے ہوئے جب ہم مصلح موعود کی پیشگوئی کو دیکھتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ مصلح موعود کی دیگر خصوصیات کے علاوہ اس میں دعاؤں کی قبولیت کی خصوصیت بھی پائی جاتی ہے۔ جیسا کہ پیشگوئی کے ان الفاظ سے ظاہر ہے کہ وہ دنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ اور یہ عبارت کہ "نور آتا ہے نور جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا" وغیرہ

سیدنا حضرت مصلح موعود ایدہ اللہ تعالیٰ کے زمانہ خلافت میں ..... مختلف قسم کے ابتلاء جماعت احمدیہ پر آئے۔ لیکن اللہ تعالیٰ حضور کی دعاؤں کے طفیل اپنے فضل سے ان سب ابتلاؤں کو دور کر کے جماعت کو راہ ترقی پر بسرعت گامزن کرتا چلا گیا۔ فتنہ احرار کے زمانہ میں جماعت احمدیہ کے مخالفین نے جماعت کو نیست و نابود کرنے کے لئے جو جدوجہد اور کوشش کی اور تکبر و غرور اور جوش و خروش سے آگے بڑھے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں مگر حضور کی دعاؤں کو قبول فرماتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے ایسے نازک وقت میں جماعت کی حفاظت فرمائی۔ اس وقت حضور نے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اطلاع پا کر یہ اعلان فرمایا کہ احرار اور ان کے ہمنوا اپنی طاقت اور اپنے جتھے میں ہم سے بہت زیادہ ہیں اور یہ جماعت کے خلاف تمام تدابیر کو بروئے کار لا رہے ہیں۔ لیکن میں احرار کے پاؤں تلے سے زمین کو نکلتے دیکھتا ہوں۔ اور پھر کسے معلوم نہیں کہ خدا تعالیٰ نے احرار کے پاؤں تلے سے زمین نکال دی۔ ان کی تمام تدابیر رائگاں کر دیں اور جماعت احمدیہ کو خدا تعالیٰ نے غیر معمولی ترقی عطا فرمائی۔

۱۹۵۳ء میں جب پاکستان میں جماعت احمدیہ کے خلاف ایجی ٹیشن ہوئی اور علاوہ عام پبلک کے بعض گورنمنٹ کے افسران بھی ایجی ٹیشن کی پشت پناہی کرنے لگے ہر جگہ جماعت احمدیہ کے ختم کرنے کے منصوبے بنائے گئے۔ اور احمدیوں پر زمین باوجود فراخ ہونے کے تنگ کر دی گئی۔ ایسے وقت میں ہمارے پیارے امام حضرت مصلح موعود ایدہ اللہ الودود نے اپنی اس جماعت جسے آپ نے ہمیشہ اپنی جسمانی اولاد سے بھی زیادہ عزیز رکھا کی حفاظت کے لئے خدا تعالیٰ کے حضور بہت دردمند دل کے ساتھ دعائیں کیں اور بہت جلد خدا تعالیٰ کی طرف سے آپ کو تسلی دی گئی اور آپ نے جماعت کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا کہ گھبراؤ نہیں اور پریشان مت ہو۔ خدا تعالیٰ میری طرف دوڑتا ہوا چلا آ رہا ہے۔ اور اس کے معاً بعد خدا تعالیٰ جماعت احمدیہ کی حفاظت کے لئے بھاگتا ہوا آیا اور احمدیت کے مخالفین کو ناکام و نامراد کیا۔

۱۹۴۷ء میں جبکہ پنجاب میں ہر جگہ فسادات کی آگ بھڑک اٹھی تھی اور انسانی جان کی کوئی قیمت نہ تھی۔ قادیان میں بھی حالات خطرناک تھے اور لوگ اپنی جانوں کی حفاظت کے لئے اپنے وطنوں کو چھوڑ رہے تھے۔ ایسے نازک وقت میں ہمارے امام سیدنا حضرت مصلح موعود ایدہ اللہ نے جماعت احمدیہ قادیان کو ایک دفعہ یہ ہدایت فرمائی کہ قادیان سے کوئی شخص پیدل قافلہ کے ساتھ روانہ نہ ہو۔ ان کے لئے ٹرکوں کا انتظام کیا جا رہا ہے ایسے نازک وقت میں جبکہ ایک ایک دن خطرناک سے خطرناک ہوتا جا رہا تھا یہ ہدایت جاری کرنا صرف اسی شخص کا کام ہے جسے اپنے خدا پر پورا یقین ہو اور جو یہ سمجھتا ہو کہ میرا خدا میری تضرعات کو ضرور شرف قبولیت بخشے گا اور اس خطرناک وقت میں بھی ضرور وہ میری مدد کرے گا اور میرے فرزندوں (تمام جماعت حضور کی روحانی فرزند ہے) کی حفاظت کرے گا۔ اللہ اللہ کس قدر پختہ یقین ہے جو حضور کو اپنے خدا پر ہے۔ قادیان کے تمام احمدی باشندے اس امر پر گواہ ہیں کہ جن غیر لوگوں نے پیدل قافلہ کے ساتھ سفر اختیار کیا ان میں سے بہت سے ہلاک ہوئے اور لوٹے گئے۔ لیکن جو حضور کی ہدایت کے مطابق قادیان میں ٹھہرے رہے وہ ٹرکوں پر بیٹھ کر آرام اور حفاظت سے پہنچے اور ان میں سے کسی ایک کو بھی گزند نہ پہنچا۔

گذشتہ قریب کے عرصہ میں مجھے دو غیر مسلموں کے ذریعہ حضور کی قبولیت دعا کے دو واقعات کا علم ہوا۔ چند ماہ کی بات ہے۔ میرے دفتر میں ایک سکھ دوست جو قصبہ فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور کے قریب کے ایک گاؤں لالے ننگل کے رہنے والے ہیں تشریف لائے۔ انہوں نے بتایا کہ میں تقسیم ملک سے قبل ایک مرتبہ قادیان آیا۔ جمعہ کا دن تھا اور قادیان میں بارش ہو رہی تھی۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ جمعہ کی نماز سے فارغ ہو کر جب مسجد اقصیٰ سے اپنے گھر تشریف لے جانے لگے۔ تو میں نے عرض کیا کہ حضور قادیان میں تو بارش ہو رہی ہے لیکن میرے گاؤں میں سخت گرمی ہے اور وہاں بارش نہ ہونے کے سبب فصلوں کو بہت نقصان ہو رہا ہے حضور دعا فرمائیں کہ خدا تعالیٰ ہمارے گاؤں پر بھی بارش نازل فرمائے۔ وہ کہتے ہیں جب میں نے عرض کیا تو حضور نے فرمایا کہ خدا تعالیٰ اس بات پر قادر ہے اور میں دعا بھی کروں گا۔ اس کے بعد جب میں اپنے گاؤں واپس پہنچا تو وہاں بارش ہو رہی تھی اور جو فصلیں بارش نہ پڑنے کی وجہ سے تباہ ہو رہی تھیں وہ پھر ہری بھری ہو گئیں اس واقعہ کی وجہ سے میرا مرزا صاحب پر بہت اعتقاد ہے۔

دوسرا واقعہ بھی ایک سکھ دوست کا ہے جو دریائے بیاس کے کنارے ایک گاؤں بھٹیاں کا نمبردار ہے۔ جب میں پچھلے دنوں بغرض شکار گیا اور نمبردار صاحب سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے ہمیں مندرجہ ذیل واقعہ سنایا کہ:

"میرے پر قتل کا جھوٹا مقدمہ چلایا گیا جس کی وجہ سے میں بہت پریشان تھا۔ میرے بعض احمدی اصحاب سے دوستانہ مراسم تھے۔ جب میں قادیان آیا تو انہوں نے مجھے حضور سے ملنے اور دعا کے لئے عرض کرنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ میں مسجد مبارک میں آیا نماز کے بعد جب حضور گھر تشریف لے جانے لگے تو میں نے سلام عرض کیا اور اپنے مقدمہ کا حال بیان کر کے دعا کے لئے درخواست کی۔ مرزا صاحب نے میرا نام دریافت کیا اور بغیر مزید کوئی بات کئے گھر کے اندر تشریف لے گئے مسجد سے باہر آ کر میں نے اپنے احمدی دوستوں سے کہا کہ حضور نے میرا صرف نام دریافت کیا ہے اور کوئی بات دریافت نہیں کی۔ نہ ہی یہ کہا ہے کہ دعا کروں گا۔ نہ معلوم کیا بات ہے میری یہ بات سن کر ان دوستوں نے کہا کہ آپ فکر نہ کریں حضور آپ کے لئے ضرور دعا کریں گے اور اللہ تعالیٰ حضور کی دعاؤں کے طفیل آپ کو بری کر دے گا۔ انشاء اللہ۔

اس کے بعد میں اپنے گاؤں واپس چلا گیا چند دنوں کے بعد میں نے خواب میں دیکھا کہ عدالت لگی ہوئی ہے۔ میں اور میرے ساتھ کے دوسرے ملزم وہاں موجود ہیں۔ مجسٹریٹ صرف میرا ہی نام لے کر آواز دیتا ہے کسی دوسرے ملزم کو نہیں پکارتا کہ فلاں شخص کون ہے آگے آئے۔ اس کے آواز دینے پر میں اس کے سامنے پیش ہوتا ہوں اور اپنا نام بتاتا ہوں۔ اس خواب کے چند دنوں بعد جب عدالت میں پیشی ہوئی تو بعینہٖ اسی طرح ہوا جس طرح میں نے خواب میں دیکھا تھا یعنی مقدمہ کے دوران میں مجسٹریٹ نے تمام ملزموں میں سے صرف میرا نام لے کر مجھے اپنے سامنے پیش ہونے کے لئے آواز دی جس پر میں اس کے سامنے پیش ہوا۔ خدا کی قدرت جتنی پیشیاں ہوئیں ہر پیشی میں مجسٹریٹ صرف میرا ہی نام لے کر مجھے بلاتا رہا۔ اس طریق کار کو دیکھ کر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ مجسٹریٹ ہر بار میرا نام بھول جاتا ہے اور میرے وکیل نے تو مجسٹریٹ کے اس طریق کو دیکھ کر کہہ دیا تھا کہ باقیوں میں سے شاید کوئی بری ہو جائے لیکن تمہیں مجسٹریٹ ضرور سزا دے گا۔ مگر مجھے کوئی گھبراہٹ نہ ہوئی۔ اور خدا کی شان

(باقی صفحہ ۸ پر)

خدام الاحمدیہ کی فوری توجہ کیلئے

تعمیر دفتر کیلئے ذی استطاعت خدام سو سو روپیہ پیش کریں

از مکرم صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب نائب صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ

خدام الاحمدیہ کے سالانہ اجتماع ۱۹۵۶ء کے شوریٰ کے اجلاس میں دفتر خدام الاحمدیہ کی تعمیر کا معاملہ پیش ہوا تھا اور اس میں ہم سب نے یہ فیصلہ کیا تھا کہ پوری کوشش اور جدوجہد کرکے دفتر کو مکمل کیا جائے۔ جب تک دفتر کی عمارت مکمل نہیں ہوتی۔ خدام الاحمدیہ کی سکیموں کو جاری نہیں کیا جا سکتا۔ اب تک دفتر کے صرف چار کمرے ہیں اور وہ کمرے بالکل ناکافی ہیں۔

ربوہ میں اب قریباً تمام اداروں کی عمارتیں مکمل ہو چکی ہیں۔ لیکن خدام جو نوجوان ہیں اور جن کی ہمتیں بلند اور ارادے اونچے ہیں اور جن کا ہر کام پیش پیش ضروری ہے۔ ان کا دفتر ابھی نامکمل ہے۔ ان حالات میں خدام الاحمدیہ کا فرض ہے کہ وہ دفتر کی تعمیر کی طرف فوری توجہ کریں۔ قائدین علاقائی اور قائدین اضلاع پر اس بارہ میں بہت ذمہ داری آتی ہے۔ ان کو چاہیئے کہ اپنے اپنے علاقہ میں اور ضلع کے قائدین کو توجہ دلائیں کہ وہ تعمیر دفتر کے لئے پوری جدوجہد شروع کر دیں۔ ایسے خدام جن کو اللہ تعالیٰ نے مالی وسعت دی ہے ان سے کم از کم یکصد روپیہ لیا جائے۔ اگر یکصد روپیہ دینے والے چار صد خدام بلند ہمتی کا ثبوت دیں تو دفتر مکمل ہو سکتا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ اتنی تعداد میں ایسے خدام موجود ہیں جو سو سو روپیہ آسانی سے دے سکتے ہیں۔ بلکہ جہاں تک میرا ذاتی علم ہے ایسے خدام بھی ہیں جو ہزار ہزار روپیہ ادا کر سکتے ہیں۔

قائدین علاقائی اور اضلاع کو تمام ایسے خدام کی فہرست تیار کر لینی چاہیئے جن کو اللہ تعالیٰ نے اتنی مالی وسعت دی ہے کہ تعمیر کے لئے یکصد روپیہ دے سکیں اور اس فہرست کی ایک نقل دفتر مرکزیہ کو بھجوا دینی چاہیئے تاکہ دفتر کو بھی اندازہ ہو سکے۔ وہ خدام جو اس تحریک میں حصہ لیں گے ان کے نام خدام الاحمدیہ کے دفتر کے ہال میں کندہ کر دیئے جائیں گے۔ اور آنے والی نسلیں ان کے لئے دعا کریں گی۔ علاوہ ازیں ایسے خدام کے نام سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں خاص طور پر دعا کے لئے پیش کئے جائیں گے۔ بہرحال ہمیں فوری توجہ کی ضرورت ہے تاکہ عمارت مکمل ہو سکے۔ اور اس سال سالانہ اجتماع کے موقعہ پر خدام اپنی آنکھوں سے یہ دیکھ لیں کہ ان کا دفتر مکمل ہے۔

اسی طرح یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ جو خدام سو سو روپے کی ذیل میں نہ آئیں وہ خود اپنی استطاعت کے مطابق چندہ اکٹھا کریں۔ درحقیقت کوئی ایسا خادم نہیں ہونا چاہیئے جس نے اس تحریک میں حصہ نہ لیا ہو۔

بالآخر اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمارے نوجوانوں کے دلوں کو کھول دے اور وہ اپنی ذمہ داریوں کو سمجھیں اور ہر ایک تحریک میں پیش پیش نظر آئیں۔

گم شدہ سیونگ سرٹیفکیٹ

مجھے ایک نہایت قیمتی سیونگ سرٹیفکیٹ ملا ہے جس پر احمد دین ولد شرف دین چک نمبر ۱۰/۱۰۳ مرقوم ہے۔ جو ۱۹۵۳ء میں خانیوال کے ڈاکخانہ سے جاری کیا گیا تھا۔ تلاش ورثا کے لئے خاکسار دو مرتبہ نواح خانیوال بھی گیا لیکن کامیاب نہ ہو سکا۔ جن صاحب کا یہ سرٹیفکیٹ ہو نشاندہی دے کر مندرجہ ذیل پتہ پر سے حاصل کر سکتے ہیں۔

شیخ سبحان علی سربراہ نمبردار چک ۶۲/M-۷

ڈاکخانہ چک ۶۱/T-۵-۸ براستہ بھکر

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی ہے اور تزکیہ نفوس کرتی ہے

احمدی بچوں کا رسالہ تشحیذ الاذہان اور احباب جماعت

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب مدظلہ العالی رسالہ تشحیذ الاذہان کے متعلق فرماتے ہیں کہ:

"مقامی جماعتوں میں تحریک کرنی چاہیئے کہ وہ نہ صرف احمدی نوجوانوں کو اس رسالے کی خریداری کی طرف توجہ دلائیں بلکہ ان میں اس رسالے کی قلمی امداد کا بھی شوق پیدا کریں۔ اس کے بغیر اس رسالے کا مقصد پوری طرح حاصل نہیں ہو سکتا۔"

نوٹ:۔ رسالہ کا سالانہ چندہ مبلغ پانچ روپے ہے۔ (مینجر رسالہ تشحیذ الاذہان)

سال رواں کی پہلی سہ ماہی کا مالی جائزہ!

اور سو فیصدی وصول کرنیوالی مجالس

سال رواں کی پہلی سہ ماہی میں جن مجالس نے مختلف مدات میں سو فیصدی وصولی کی ہے ان کے نام دعا کے لئے حضور اقدس کی خدمت میں پیش کئے جا چکے ہیں۔ لہٰذا اب جملہ احباب سے بھی ان کے لئے دعا کی درخواست کی جاتی ہے کہ جہاں اللہ تعالیٰ ان کے اس نیک قدم کو ان کے لئے بیش از پیش خدمات کا موجب بنائے وہاں دوسری مجالس کے ارکان کو بھی ایسی ہی مسابقت کی روح عطا فرمائے۔

ا۔ چندہ مجلس:۔ کراچی۔ کیمبل پور۔ خوشاب۔ چک نمبر ۱۶ جنوبی۔ جوہر آباد۔ تلونڈی کھجوروالی۔ گرمولا ورکاں۔ لائلپور۔ چک نمبر ۱۲۱ گوکھووال۔ عملہ ریلوے برج ورکس ملتان چھاؤنی۔ اوچ شریف۔ روہڑی۔ کنری۔

ب۔ چندہ سالانہ اجتماع:۔ کیمبل پور۔ خوشاب۔ گرمولا ورکاں۔ چک نمبر ۱۲۱ گوکھووال

ج۔ چندہ تعمیر دفتر:۔ کیمبل پور۔ چک نمبر ۹۸ شمالی۔ گرمولا ورکاں۔ ملتان چھاؤنی

د۔ ریزرو خدمت خلق:۔ کیمبل پور۔ جوہر آباد گکھڑ۔ گرمولا ورکاں۔ چک نمبر ۱۲۱ گوکھووال۔ ملتان چھاؤنی۔

ر۔ حفاظت فنڈ:۔ کیمبل پور۔

س:۔ ریزرو فنڈ۔ کیمبل پور۔ جوہر آباد۔ (مہتمم مال خدام الاحمدیہ مرکزیہ)

دعائے مغفرت

میرے حقیقی تایا شیخ محمد ادریس صاحب پنشنر سنگر وردی جو شیخ رشید احمد صاحب مددگار کلرکن ٹی آئی کالج کے حقیقی بڑے بھائی تھے تقریباً ایک ہفتہ کے قریب بیمار رہ کر قضاء الٰہی سے ۲۳/۱/۵۸ بروز جمعرات بوقت صبح ۱۰½ بجے ۶۰ سال کی عمر میں اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ احمدی احباب اور درویشان قادیان سے درخواست ہے کہ دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ان کے عزیز و اقارب کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

آپ صوم و صلوٰۃ کے پابند تھے۔ سلسلہ کی کتب خرید کر پڑھنے کا ازحد شوق تھا۔ اشاعت اسلام کے لئے مالی قربانی کرتے رہتے تھے۔ وفات سے چند منٹ پہلے ہاتھ اٹھا کر دعا مانگی۔ دائیں کروٹ لینے پر اپنے مولا حقیقی سے جا ملے۔ اسی روز بعد نماز عصر مولوی فضل حق صاحب قریشی نے نماز جنازہ پڑھائی۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابی مرزا مہتاب بیگ صاحب نے قبر پر دعا کرائی

حبیب اللہ قریشی کارکن دفتر بیت المال۔ ربوہ

درخواست دعا

خاکسار کے چچا محترم ملک نصر اللہ خان صاحب آف کراچی لالہ موسیٰ میں چند یوم سے بیمار ہیں احباب صحت کاملہ و عاجلہ کے لئے دعا فرمائیں۔

(ملک عبد الرب از ربوہ)

تحریک جدید کے وعدے ماہ فروری میں سو فیصدی پورے کرنے والے

سَابِقُوْنَ الاَوَّلُوْنَ

حضور فرماتے ہیں کہ "میرے ذہن میں یہ تحریک بالکل نہ تھی۔ اچانک میرے دل میں اللہ تعالےٰ کی طرف سے یہ تحریک نازل ہوئی۔ پس بغیر اس کے کہ میں کسی قسم کی غلط بیان کا ارتکاب کروں میں کہہ سکتا ہوں کہ تحریک جدید خدا نے جاری کی میرے ذہن میں یہ تحریک پہلے نہیں تھی۔ میں بالکل خالی الذہن تھا۔"

"بیشک اللہ تعالےٰ نے میرے دل پر یہ سکیم نازل کی اور میں نے جماعت کے سامنے پیش کر دیا۔ پس یہ میری تحریک نہیں خدا تعالےٰ کی نازل کردہ تحریک ہے۔"

احباب جماعت کے سامنے مندرجہ بالا ارشاد حضور پیش کرتے ہوئے احباب کنندگان جنہوں نے اب تک جبکہ سال رواں کا پانچواں مہینہ بھی قریباً نصف تک گزر چکا ہے۔ ابھی تک کوئی ادائیگی نہیں کی ان سے عرض ہے وہ مندرجہ بالا حضور کے ارشاد کی روشنی میں یہ کوشش فرماویں اور یہ ارادہ کر لیں کہ وہ اس وقت چین سے نہ بیٹھیں گے جبتک کہ وہ ۳۱ مارچ سے قبل اپنا وعدہ ادا کر کے حضور کے قدموں میں پیش نہ کر لیں گے۔

جماعتہائے احمدیہ مغربی پاکستان کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کی وصولی سال رواں گزشتہ سال کی کل وصولی کے مقابلہ میں کم رہی ہے۔ مگر جماعت احمدیہ کراچی نے کل وعدوں کا ابتک ۴۰٪ حصہ ادا کر دیا ہے اور انکے عہدہ داران کا یہ متفقہ فیصلہ اور عزم بالجزم ہے کہ وہ اپنے کل وعدہ جات انشاء اللہ تعالیٰ مجلس مشاورت کے موقع پر سو فیصدی ادا کر کے اپنے مقدس امام کے حضور پیش کریں گے اللہ تعالیٰ توفیق عطاء فرمائے اے اللہ تو انکی مدد کر جو تیرے دین کی مدد کرتے ہیں

فرمایا:۔ "اصل بات یہ ہے کہ قربانی کرنی مشکل نہیں ایمان لانا مشکل ہے جس کے دل میں ایمان پیدا ہو جائے اس کے لئے کوئی بھی قربانی مشکل نہیں۔"

"میں امید کرتا ہوں کہ جن مردوں کے دلوں میں ایمان ہے۔ وہ عورتوں کی اور جن عورتوں کے دلوں میں ایمان ہے وہ مردوں کی اور جن بچوں کے دلوں میں ایمان ہے وہ اپنے ماں باپ کی مدد کریں گے اور آئندہ قربانیوں کے بارے میں ایک دوسرے سے تعاون کریں گے۔"

حضور کے ارشاد کی روشنی میں امید ہے۔ کہ وہ لوگ جنہوں نے کہ تبلیغ اسلام اور احمدیت کے شاندار جہاد کبیر میں جو کہ تحریک جدید کے ماتحت بیرون ممالک میں ہو رہا ہے حصہ ہے اور اپنی مالی قربانی حضور میں پیش کی ہوئی ہے ارادہ فرما لیں گے۔ کہ ان کا وعدہ سالم ۳۱ مارچ تک ادا ہو جائے۔ اور یہ کوئی مشکل امر نہیں کیونکہ مومن جب کسی نیک بات کا ارادہ کر لیتا ہے۔ کوشش بھی کرتا ہے۔ اور پھر خدا پر بھروسہ رکھتا ہے تو خدا تعالےٰ اس کی کوشش کو بار آور کرتا ہے۔ اور یہ تحریک جدید کا وعدہ تو آپ نے خدا تعالےٰ سے فرمایا ہے جیسا کہ حضور فرماتے ہیں کہ یہ میری تحریک نہیں یہ تو خدا تعالیٰ کی نازل کردہ تحریک ہے۔ اس لئے آپ کا یہ وعدہ تو خدا تعالےٰ کے ساتھ ہے کہ اے خدا ہم کو جو مال تو نے دیا ہے تیرے لئے تیرے دین کی اشاعت کے لئے ان کا حصہ تیرے حضور پیش کرتے ہیں تو اپنے رحم سے قبول فرما۔ تنگی اور ترشی تو انسان کے ساتھ ہر وقت لگی ہوئی ہے۔ انسان اگر خدا تعالیٰ کے لئے اور خدا کے دین کے لئے تنگی برداشت کرے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ عطاء فرمائے گا۔

فرمایا "تحریک جدید تو ایک مستقل صدقہ جاریہ ہے۔ جو لوگ اس میں حصہ لیں گے وہ تبلیغ دین کے ذریعہ جو ان کے روپیہ سے ہوتی رہے گی۔ اپنی موت کے ہزاروں سال بعد بھی ثواب حاصل کرتے چلے جائیں گے۔"

صدقہ جاریہ کے لئے بعض مخبر احباب جاتے ہوئے کوئی کنواں وغیرہ لگا دیتے ہیں۔ کنواں تو دو سال چار سال کے بعد بند ہو جائے گا مگر تحریک جدید میں دیا ہوا آپ کا روپیہ ایسے مصرف میں لایا جاتا ہے کہ جس کا ثواب آپ کو آپ کی موت کے ہزاروں سال بعد بھی ملتا رہیگا اسلئے تحریک جدید کا وعدہ جلد از جلد ۳۱ مارچ تک داخل کرنے کی کوشش کریں اور سابقون کا ثواب حاصل کریں کیونکہ

فرمایا: "جو خدا تعالےٰ کے نزدیک مجبور ہے اسے دق نہ کرو۔ جو شیطان کے ہاتھوں مجبور ہے۔ اسے اور زیادہ شرمندہ نہ کرو۔ یاد رکھو یہ خدا تعالےٰ کا کام ہے۔ اور ہو کر رہے گا

قضائے آسمان است ایں بہر حالت شود پیدا

خدا تعالےٰ کے کام رکا نہیں کرتے وہ تو ہو ہی جایا کرتے ہیں پس مبارک ہیں وہ جن کے ہاتھ کو خدا تعالےٰ اپنا ہاتھ قرار دے دے اللہ تعالےٰ توفیق عطا فرمائے کہ آپ یہ خدا تعالےٰ کا قرض اپنے سروں سے ۳۱ مارچ کی شام سے قبل اتار لیں۔ آمین۔ اے خدا تو ان کی مدد کر جو تیرے دین کی مدد کرتے ہیں (وما توفیقی الا باللہ)

